روزنامہ
تیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 22 مئی 2006ء 23 ربیع الثانی 1427 ہجری 22 ہجرت 1385 ہش جلد 56-91 نمبر 110

رویائے صالحہ

آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔

جو شخص رویائے صالحہ پر ایمان نہیں رکھتا وہ اللہ اور یوم آخرت پر ایمان نہیں رکھتا۔

(تعطیر الانام جلد1صفحہ3۔ عبدالغنی نابلسی)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

"جب دنیا میں کوئی امام الزمان آتا ہے تو ہزارہا انوار اس کے ساتھ آتے ہیں اور آسمان میں ایک صورت انبساطی پیدا ہو جاتی ہے اور انتشار روحانیت اور نورانیت ہو کر نیک استعدادیں جاگ اٹھتی ہیں۔ پس جو شخص الہام کی استعداد رکھتا ہے اس کو سلسلہ الہام شروع ہو جاتا ہے اور جو شخص فکر اور غور کے ذریعہ سے تفقہ کی استعداد رکھتا ہے اس کے تدبر اور سوچنے کی قوت کو زیادہ کیا جاتا ہے۔ اور جس کو عبادات کی طرف رغبت ہو اس کو تعبد اور پرستش میں لذت عطا کی جاتی ہے اور جو شخص غیر قوموں کے ساتھ مباحثات کرتا ہے اس کو استدلال اور اتمام حجت کی طاقت بخشی جاتی ہے۔ اور یہ تمام باتیں درحقیقت اسی انتشار روحانیت کا نتیجہ ہوتا ہے جو امام الزمان کے ساتھ آسمان سے اترتی اور ہر ایک مستعد کے دل پر نازل ہوتی ہے اور یہ ایک عام قانون سنت الٰہی ہے جو ہمیں قرآن شریف اور احادیث صحیحہ کی رہنمائی سے معلوم ہوا اور ذاتی تجارب نے اس کا مشاہدہ کرایا ہے مگر مسیح موعود کے زمانہ کو اس سے بھی بڑھ کر ایک خصوصیت ہے اور وہ یہ کہ پہلے نبیوں کی کتابوں اور احادیث نبویہ میں لکھا ہے کہ مسیح موعود کے ظہور کے وقت یہ انتشار نورانیت اس حد تک ہوگا کہ عورتوں کو بھی الہام شروع ہو جائے گا اور نابالغ بچے نبوت کریں گے اور عوام الناس روح القدس سے بولیں گے اور یہ سب کچھ مسیح موعود کی روحانیت کا پرتوہ ہوگا۔"

(ضرورۃ الامام۔ روحانی خزائن جلد13ص 474)

"حکیم مطلق نے اس مدعا کو پورا کرنے کے لئے انسانی دماغ کی بناوٹ ہی ایسی رکھی ہے اور ایسے روحانی قویٰ اس کو دیئے ہیں کہ وہ بعض سچی خوابیں دیکھ سکتا ہے اور بعض سچے الہام پا سکتا ہے مگر وہ سچی خوابیں یا سچے الہام کسی وجاہت اور بزرگی پر دلالت نہیں کرتے بلکہ وہ محض نمونہ کے طور پر ترقی کے لئے راہیں ہوتی ہیں اور اگر ایسی خوابوں اور ایسے الہاموں کو کسی بات پر کچھ دلالت ہے تو صرف اس بات پر کہ ایسے انسان کی فطرت صحیح ہے بشرطیکہ جذبات نفسانیہ کی وجہ سے انجام بد نہ ہو اور ایسی فطرت سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ اگر درمیان میں روکیں اور حجاب پیش نہ آجائیں تو وہ ترقی کر سکتا ہے۔"

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد22ص 10)

سیدنا بلال رضی اللہ عنہ فنڈ

احمدیت کیلئے اپنی جان کی قربانی پیش کرنے والوں کے خاندانوں کی کفالت کیلئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے 14 مارچ 1986ء کے خطبہ جمعہ میں ایک فنڈ کا اعلان فرمایا، اس کی حکمت بیان کرتے ہوئے حضور نے فرمایا کہ میں جماعت کو یہ بھی تسلی دلانا چاہتا ہوں کہ اللہ کے فضل سے جماعت احمدیہ میں کوئی بھی خدا کی راہ میں مارا جانے والا ہرگز یہ وہم لے کر یہاں سے رخصت نہیں ہوتا کہ میرے بیوی بچوں کا کیا بنے گا۔ جماعت احمدیہ میں ایسے لوگوں کے بچے یتیم نہیں ہوا کرتے۔ یہ ایک زندہ جماعت ہے اور یہ ناممکن ہے کہ جماعت اپنے قربانی کرنے والوں کے اہل وعیال کو اور ان کے حقوق کو بھول جائے۔ ایسی جماعتوں کی زندگی کی ضمانت اس بات میں ہے کہ ان کے قربانی کرنے والوں کو اپنے پسماندگان کے متعلق کوئی فکر نہ رہے۔

اس فنڈ کی عظمت اور اس کی اہمیت کے بارہ میں حضور نے فرمایا کہ یہ ہرگز صدقہ کی تحریک نہیں بلکہ جو شخص اس میں حصہ لے گا وہ اسے اعزاز سمجھے گا اور خیال کرے گا کہ مجھے جتنی خدمت کرنی چاہئے تھی اتنی نہیں کی بلکہ بہت ہی معمولی خدمت کی توفیق پائی ہے۔

اس تحریک میں حصہ لینے والوں کو نصائح کرتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے فرمایا کہ پوری طرح شرح صدر اور محبت کے جذبہ سے جو دینا چاہتا ہے وہ دے، ادنیٰ سا بھی تردد یا بوجھ ہو تو وہ ہرگز نہ دے۔ یہ ایک خاص نوعیت کی تحریک ہے جس میں بشاشت طبع ہی ضروری نہیں بلکہ طبیعت کا دباؤ ضروری ہے۔ دل سے بے قرار تمنا اٹھ رہی ہو، یہ خواہش پیدا ہو رہی ہو کہ میں اس میں شامل ہوں۔ آج ایک آنہ بھی جس کو توفیق ہو وہ بھی بہت عظیم دولت ہے وہ بھی خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک بہت بڑی سعادت ہوگی۔

اس اعلان کے ایک روز بعد یعنی 15 مارچ 1986ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اس تحریک کو سیدنا بلال رضی اللہ عنہ فنڈ کا نام عطا فرمایا۔

اس فنڈ میں چندہ کی ادائیگی کرنے والے احباب کے ناموں کی فہرست دعا کیلئے ہر ماہ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں پیش کی جاتی ہے۔

(ایڈیشنل وکیل المال۔لندن)

مشعل راہ

حفظانِ صحت کے اصولوں کو اپنائیں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:۔

کھانا کھانے سے پہلے بھی ہاتھ دھونے کا حکم آتا ہے۔ آپؐ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھوتے تھے اور کلّی کرتے تھے بلکہ ہر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد کلّی کرتے اور آپؐ پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد بغیر کلی کئے نماز پڑھنے کو ناپسند فرماتے تھے۔ (بخاری کتاب الاطعمہ)

کھانا کھا کر کلی بھی کرنی چاہئے اور ہاتھ بھی دھونے چاہئیں۔ اور اس سے پہلے بھی تاکہ ہاتھ صاف ہو جائیں۔ اور بعد میں اس لئے کہ سالن کی بُو منہ اور ہاتھوں سے نکل جائے۔ آج کل تو مسالے بھی ایسے ڈالے جاتے ہیں کہ کھاتے ہوئے شاید اچھے لگتے ہوں لیکن اگر اچھی طرح ہاتھ منہ نہ دھویا ہو تو بعد میں دوسروں کے لئے کافی تکلیف دہ ہوتے ہیں۔ پھر آپؐ نے یہ بھی فرمایا کہ ہاتھ دھو کر دائیں ہاتھ سے کھانا کھانا چاہئے۔

(بخاری۔ کتاب الاطعمہ باب التسمیۃ علی الطعام والاکل بالیمین)

دوسری جگہ فرمایا گند وغیرہ کی صفائی کے لئے بایاں ہاتھ استعمال کرو۔ لیکن آج کل یہاں یورپ میں کیونکہ لوگوں کو احساس نہیں ہے دائیں اور بائیں کا، اکثر دیکھا ہے گورے انگریز، عیسائی بائیں ہاتھ سے ہی کھا رہے ہوتے ہیں۔ کبھی سڑک پہ جاتے ہوئے نظر پڑ جائے تو ہاتھ میں برگر ہوتا ہے ہمیشہ دیکھیں گے بائیں ہاتھ سے کھا رہے ہوں گے۔ چپس کا لفافہ دائیں ہاتھ میں ہوگا اور بایاں ہاتھ استعمال ہو رہا ہوگا۔ بعض لوگ اس کی تقلید کرتے ہیں، اس سے بچنا چاہئے۔ کھانا بہرحال دائیں ہاتھ سے کھانا چاہئے۔

پھر ایک روایت میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دس باتیں فطرت انسانی میں داخل ہیں۔ مونچھیں تراشنا، داڑھی رکھنا (خاص مردوں کے لئے ہے)، مسواک کرنا، پانی سے ناک صاف کرنا، ناخن کٹوانا، انگلیوں کے پورے صاف رکھنا، بغلوں کے بال لینا، زیر ناف بال لینا، استنجاء کرنا، طہارت کرنا۔ راوی کہتا ہے کہ میں دسویں بات بھول گیا ہوں شاید وہ کھانے کے بعد کلی کرنا ہے۔

(مسلم۔ کتاب الطہارۃ باب خصال الفطرۃ)

یہ تمام باتیں ایسی ہیں جو صفائی کے ساتھ ساتھ حفظان صحت کے اصولوں کے لئے بھی ضروری ہیں۔ اب پانی سے ناک صاف کرنے کا جو حکم ہے یہ وضو کرتے وقت دن میں پانچ دفعہ ہے اور اگر ناک میں پانی چڑھا کر صاف کیا جائے تو کافی حد تک نزلے وغیرہ سے بھی بچا جا سکتا ہے۔ مجھے کسی نے بتایا کہ جرمنی میں کسی کو نزلہ ہو گیا اور ڈاکٹر کے پاس گئے تو اس نے کہا کہ تم لوگ پانچ وقت وضو کرتے ہو تو ناک میں پانی چڑھاتے ہو، تم اگر اس طرح کرو تو کافی حد تک نزلے سے بچ سکتے ہو۔ یہ اس ڈاکٹر کی اپنی سوچ یا تحقیق تھی یا اس پر کوئی اور تحقیق ہو رہی ہے یا ہوئی ہے لیکن جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو بہرحال اس میں حقیقت ہے۔ اس کا کوئی فائدہ ہوتا ہے۔ ہر ایک کے لئے ناک میں پانی چڑھانا مشکل ہوگا کیونکہ ناک میں زور سے پانی چڑھانا ہوتا ہے۔ بعض دفعہ ذرا سی تکلیف بھی ہوتی ہے لیکن میں نے تجربہ کر کے دیکھا ہے کہ اگر ناک میں پانی ٹھیک طرح چڑھایا جائے اور صاف کیا جائے تو نزلے میں کافی فرق پڑتا ہے۔ پھر ناخن کٹوانا ہے، اس میں ہزار قسم کے گند پھنس جاتے ہیں لیکن آج کل بعض مردوں میں لیکن عورتوں میں تو اکثریت میں یہ فیشن ہو گیا ہے کہ لمبے لمبے ناخن رکھو اور ان کو کوئی گندگی کا احساس بھی نہیں ہوتا۔ بہرحال یہ سب پر واضح ہو جانا چاہئے کہ ناخن کٹوانے کا بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے اور لمبے ناخن رکھنے کا نقصان ہی ہے فائدہ کوئی نہیں۔

(الفضل 20 جولائی 2004ء)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم داؤد احمد صاحب چیمہ فیکٹری ایریا ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے بیٹے مکرم چوہدری محسن وسیم چیمہ صاحب کو اللہ تعالیٰ نے پہلی بیٹی سے نوازا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت بچی کا نام دانیہ وسیم عطا فرمایا ہے جو وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ بچی مکرم چوہدری مظفر احمد باجوہ صاحب ربوہ کی نواسی اور مکرم چوہدری محمد ابراہیم صاحب چیمہ فیکٹری ایریا ربوہ کی نسل سے ہے۔ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بچی کو نیک، صالحہ، خادمہ دین اور والدین کے لئے قرۃ العین بنائے۔

پیشہ ور تعلیمی ادارہ جات میں داخلے کیلئے اہم امور (برائے والدین)

وہ تمام احمدی طلباء و طالبات جو انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کے بعد خاص طور پر پرائیویٹ پیشہ ور تعلیمی ادارہ جات میں داخلہ حاصل کرنا چاہتے ہیں ان کے والدین مندرجہ ذیل امور کو مدنظر رکھیں۔

(1) جس ادارہ میں آپ کا بیٹا یا بیٹی داخلہ حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں ان کے بارے میں مکمل معلومات صرف پراسپکٹس کے ذریعہ سے ہی نہیں بلکہ خود وہاں جا کر بھی خاص طور پر حاصل کی جائیں۔

(2) ادارہ کے دورہ کے وقت مندرجہ ذیل امور کو خاص طور پر مدنظر رکھیں۔

(i) ادارہ کی فیکلٹی (Faculty) کیسی اور کس معیار کی ہے۔

(ii) ادارہ کی ظاہری خوبصورتی پر ہرگز کوئی فیصلہ نہ کیا جائے۔

(iii) ادارہ کی لائبریری کس معیار کی ہے اور کتب و رسالہ جات اور Journals کا ذخیرہ کس قسم کا ہے۔

(iv) ادارہ میں کمپیوٹر لیبارٹری کس معیار کی ہے نیز کسی بھی کمپیوٹر کورس میں داخلہ کی صورت میں ایک طالب علم کو کمپیوٹر پر اپنا کام کرنے کیلئے کتنا وقت میسر آسکے گا۔

(v) ادارہ کی Job Market میں اس کے فراغت حاصل کرنے والے گریجوایٹس کی بنیاد اور ان کی Skill پر کیا Rating ہے۔

(vi) اس بات کا خاص طور پر خیال رکھا جائے کہ اگر آپ کا بیٹا یا بیٹی کسی کمپیوٹر یا انجینئرنگ ادارہ میں داخلہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کے ساتھ ایسے تمام شہروں میں اس قسم کے کمپیوٹر اور انجینئرنگ کے ادارہ جات قائم ہیں وہاں پر فعال طور پر ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز (AACP) اور انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹکٹس وانجینئرز (IAAAE) قائم ہے۔ والدین کو چاہئے اس کے لوکل Chapters کے عہدیداران سے رابطہ کر کے ان سے اس سلسلہ میں خاص طور پر مشورہ حاصل کریں اور پھر اس پر عمل کرنے کی کوشش بھی کریں کیونکہ ان کا مشورہ بہرحال پیشہ وارانہ طور پر غیر معمولی اہمیت کا حامل ہوگا۔

(نظارت تعلیم)

AACP ربوہ کا پہلا سالانہ کنونشن

ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز ربوہ چیپٹر مورخہ 27 مئی 2006ء کو بمقام ایوان محمود، اپنے پہلے سالانہ کنونشن کا انعقاد کر رہا ہے جس میں مختلف موضوعات پر لیکچرز اور پریذنٹیشن ہوں گی۔ تمام ممبرز، طلباء و طالبات اور خواہش مند خواتین و حضرات شرکت فرما کر فائدہ اٹھائیں۔ مزید معلومات کیلئے فون نمبر 0333-6701710 پر یا دفتر سے رابطہ فرمائیں۔ رجسٹریشن صبح 8 بجے اور پروگرام 9 بجے صبح شروع ہوگا۔

(قمر شیراز صدر AACP ربوہ)

اعلان دارالقضاء

(مکرمہ بشریٰ بشارت صاحبہ بابت ترکہ مکرم محمد یوسف صاحب)

مکرمہ بشریٰ بشارت صاحبہ نے درخواست دی ہے کہ میرے والد محترم محمد یوسف صاحب بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ ان کے نام قطعہ نمبر 16/52 دارالعلوم وسطی منتقل کردہ ہے۔ یہ پلاٹ میرے نام منتقل کر دیا جائے۔ دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہ ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ مکرمہ ذکیہ بیگم صاحبہ بیٹی
2۔ مکرمہ رضیہ بیگم صاحبہ بیٹی
3۔ مکرمہ بشریٰ بشارت صاحبہ بیٹی
4۔ مکرمہ کوثر پروین صاحبہ بیٹی
5۔ مکرمہ ریحانہ رضا صاحبہ بیٹی
6۔ مکرم خالد محمود نعیم صاحب بیٹا
7۔ مکرم طارق مسعود شبلی صاحب بیٹا
8۔ مکرمہ آصفہ ناصر صاحبہ بیوہ مکرم ناصر جمیل شوق صاحب

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اگر اس منتقلی پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کرے۔ شکریہ

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ فجی

14

ڈیٹ لائن کے مقام کا دورہ، نیشنل مجلس عاملہ کو ہدایات اور الوداعی تقریب

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب

2 مئی 2006ء

صبح ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت ناصر لباسہ (Labasa) میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور واپس ہوٹل تشریف لے گئے۔

آج پروگرام کے مطابق Labasa سے جزیرہ Taveuni کے لئے روانگی تھی۔ یہ وہی جزیرہ ہے جہاں سے انٹرنیشنل ڈیٹ لائن گزرتی ہے اور یہ وہ مقام شمار کیا جاتا ہے جہاں سے ہر نئے دن کا آغاز سب سے پہلے ہوتا ہے۔

صبح آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز لباسہ ایئرپورٹ کے لئے روانہ ہوئے اور آٹھ بجکر بیس منٹ پر ایئرپورٹ پر پہنچے۔ جہاں احباب جماعت لباسہ نے والہانہ نعروں کے ساتھ اپنے پیارے آقا کو الوداع کہا۔ حضور انور نے دعا کروائی اور جہاز پر سوار ہوئے Sun Air کی پرواز آٹھ بجکر تیس منٹ پر لباسہ سے Taveuni کے لئے روانہ ہوئی۔ قریباً نصف گھنٹہ کی پرواز کے بعد جہاز Taveuni ایئرپورٹ پر اترا۔ جہاں مربی سلسلہ تاویونی نعیم اقبال صاحب نے احباب جماعت کے ساتھ حضور انور کا استقبال کیا اور بچوں نے پھول پیش کئے۔

ایئرپورٹ سے روانہ ہو کر ساڑھے نو بجے کے قریب حضور انور ”Garden Island Resort“ تشریف لے آئے۔ سمندر کے کنارے ایک انتہائی خوبصورت اور پرفضا مقام پر یہ ایک ہوٹل (Hotel) ہے۔ جہاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اور وفد کے ممبران کے مختصر قیام کا انتظام کیا گیا تھا۔

ڈیٹ لائن کے مقام پر

ساڑھے دس بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس جگہ تشریف لے گئے جہاں سے یہ ڈیٹ لائن گزاری گئی ہے۔ 2000ء تک سمندر کے کنارے ایک نشان بنا کر اس کو ظاہر کیا گیا تھا۔ بعد میں کچھ فاصلے پر ایک پارک میں دو پولز کے درمیان ساری دنیا کا نقشہ بنا کر، اور نقشہ کو دو حصوں میں تقسیم کر کے ایک حصہ پر Today اور ایک حصہ پر Yesterday لکھا گیا ہے اور اس طرح ڈیٹ لائن کو ظاہر کیا گیا ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز پہلے اس جگہ تشریف لے گئے جو سمندر کے کنارے تھی۔ اور تصاویر بنائیں۔ اس جزیرہ میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت قائم ہے۔ اس جزیرہ میں بیعت کرنے والے پہلے احمدی ظریف خان صاحب ہیں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ان سے گفتگو فرمائی۔ جب حضرت خلیفۃ المسیح الرابع 1983ء کے دورہ فجی میں اس ڈیٹ لائن پر تشریف لائے تھے تو یہ صاحب بھی اس وقت حضور کے ساتھ تھے۔

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اس پارک میں تشریف لے گئے جہاں اب باقاعدہ اس ڈیٹ لائن کو ظاہر کیا گیا ہے۔ مقامی جماعت نے اس جگہ لوائے احمدیت اور فجی کا قومی پرچم لہرایا تھا اور اوپر بلند جگہ پر حضرت اقدس مسیح موعود کے الہام ”میں تیری (دعوت) کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا“ کا بینر آویزاں کیا تھا۔

دنیا کے کناروں تک شہرت

جب حضور انور یہاں پہنچے تو دنیا کے اس کنارے پر آباد احمدی بچیاں خوبصورت لباس میں ملبوس کورس کی شکل میں خوش الحانی کے ساتھ اھلاً و سھلاً و مرحبا پڑھ رہی تھیں۔ یہ نظارہ بڑا ہی روح پرور تھا۔ حضرت اقدس مسیح موعود کے الہام کی مصداق اور آپ کی صداقت پر گواہ یہ بچیاں آج اپنے پیارے آقا کو دنیا کے اس کنارے پر کھڑی اھلاً و سھلاً و مرحبا کہہ رہی تھیں اور بزبان حال یہ گواہی دے رہی تھیں کہ حضرت اقدس مسیح موعود کا یہ الہام کہ میں تیری (دعوت) کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا اور پھر یہ الہام کہ میں تجھے زمین کے کناروں تک عزت کے ساتھ شہرت دوں گا اور تیرا ذکر بلند کروں گا اور تیری محبت دلوں میں ڈال دوں گا۔ بڑی شان کے ساتھ پورا ہو چکا ہے۔

ایک غلطی کی نشاندہی

اس ڈیٹ لائن پر حضور نے اس بات کی نشاندہی فرمائی کہ جس طرف Today لکھا ہے وہاں Yesterday ہونا چاہئے اور جہاں Yesterday ہے وہاں Today ہونا چاہئے۔ اس بارہ میں حضور انور نے نائب امیر فجی طاہر حسین منشی صاحب سے گفتگو فرمائی جو ایک ادارہ کے پرنسپل اور چیف سیکرٹری ایجوکیشن رہے ہیں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دلائل کے ساتھ ان کو سمجھایا کہ اس وقت ساری دنیا اپنے وقت کے لحاظ سے فجی سے پیچھے ہے اور ان سب ممالک کی طرف جو رخ ہے وہاں Yesterday ہی ہوگا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت قافلہ کے ممبران کو اپنے ساتھ تصویر بنوانے کا شرف عطا فرمایا۔ جماعت کے ممبران نے بھی حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔ اس جزیرہ کے پہلے احمدی ظریف خان صاحب نے بھی حضور انور کے ساتھ اپنی تصویر بنوائی۔

جزیرہ رابی

یہاں کچھ دیر قیام کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز واپس ہوٹل میں تشریف لے آئے۔ اور کچھ دیر کے لئے ساحل سمندر پر تشریف لے گئے جہاں ایک طرف سامنے جزیرہ Vanua Levu نظر آتا ہے جہاں ایک روز قبل قیام کر کے آئے تھے اور دوسری طرف جزیرہ Rabi نظر آتا ہے۔ حضور انور نے یہاں کے مربی سلسلہ نعیم اقبال صاحب سے جزیرہ Rabi کے بارہ میں دریافت فرمایا۔

حضور انور کو بتایا گیا کہ اس جزیرہ کی آبادی تین ہزار ہے۔ یہاں بھی اللہ کے فضل سے ہماری جماعت ہے جو 15 فیملیز پر مشتمل ہے۔ اس جزیرہ میں ہماری بیت اور مشن ہاؤس بھی ہے۔

حضور انور نے اس جزیرہ کے بارہ میں فرمایا چھوٹا سا جزیرہ ہے۔ اس کو پکڑیں اور احمدی بنائیں۔ Vanua Levu جزیرہ کے بارہ میں بھی حضور انور نے دریافت فرمایا کہ وہاں سے اگر اس تاویونی جزیرہ میں سمندر کے راستے آئیں تو کتنا وقت لگتا ہے حضور انور کو بتایا گیا کہ بڑے جہاز کے ذریعہ چار گھنٹے کا سفر ہے اور عام بوٹس دو گھنٹے لیتی ہیں کیونکہ وہ گہرے پانی میں نہیں جاتیں۔

اس جگہ سے سمندر اور سرسبز و شاداب جزائر کا نظارہ بہت خوبصورت ہے یہاں سے کچھ دیر کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائشی حصہ میں تشریف لے آئے۔

اسی ہوٹل Garden Island Rsort میں ایک کمرہ ملاقاتوں کے پروگرام کے لئے تیار کیا گیا تھا جہاں گیارہ بجکر پچاس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے تشریف لا کر Taveuni جماعت کی بارہ فیملیز کو شرف ملاقات بخشا۔ اس جزیرہ میں آباد ہر احمدی کا وجود حضرت اقدس مسیح موعود کی صداقت پر گواہ ہے۔ ملاقاتوں کا یہ پروگرام ساڑھے بارہ بجے تک جاری رہا۔

استقبالیہ تقریب

مقامی جماعت نے اسی ہوٹل میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اعزاز میں ایک استقبالیہ تقریب کا اہتمام کیا تھا۔ جس میں اس جزیرہ سے مختلف سرکردہ اور معزز مہمان شامل ہوئے جن میں میڈیکل ڈاکٹرز، بزنس مین، پرنسپل، ٹیچرز، پولیس افسران، مذہبی تنظیموں کے نمائندے اور چرچ کے پادری وغیرہ شامل تھے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بارہ بجکر چالیس منٹ پر اس تقریب میں شرکت کے لئے تشریف لائے۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جس کے بعد اس کا انگریزی اور فجیئن زبان میں ترجمہ پیش کیا گیا۔

طاہر حسین منشی صاحب نائب امیر جماعت فجی نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور حضور انور کا تعارف کرواتے ہوئے بتایا کہ حضور انور کے اعزاز میں آج اس جزیرہ میں یہ استقبالیہ تقریب ہو رہی ہے۔

اس کے بعد کیتھولک چرچ کے پادری Father Crispin نے اپنا ایڈریس پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ حضور انور ایدہ اللہ کو اس جزیرہ کے باشندوں کی طرف سے خوش آمدید کہتا ہے اور ہم آج آپ کے یہاں آنے پر بہت خوش ہیں کہ آپ جیسا شخص اس چھوٹے جزیرہ پر ہمارے پاس آیا ہے یہ جزیرہ بہت خوبصورت ہے اور دنیا کی جنت کہلاتا ہے۔ پادری صاحب نے حضور انور کا شکریہ ادا کیا اور نیک تمناؤں اور خواہشات کا اظہار کیا۔

حضور انور کا خطاب

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنا خطاب فرمایا۔ حضور انور نے فرمایا میں آپ سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں جو یہاں اکٹھے ہوئے ہیں۔ آپ سب میرے نزدیک معزز مہمان ہیں۔ اللہ آپ پر فضل فرمائے۔

حضور انور نے فرمایا کہ فادر نے (پادری صاحب نے) اپنے ایڈریس میں کہا کہ میں یو۔ کے سے اس جزیرہ میں اپنے ممبران سے ملنے آیا ہوں۔ فرمایا کہ پیشگوئیوں کے مطابق مسیح و مہدی حضرت مرزا غلام احمد آف قادیان تھے۔ ہم ان کو مانتے ہیں۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے الہاماً بتایا تھا کہ ”میں تیری (دعوت) کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا“۔ یہ جگہ دنیا کا کنارہ کہلاتی ہے اور انٹرنیشنل ڈیٹ لائن یہاں سے گزرتی ہے۔ ہم اس پیشگوئی کو پورا ہوتا ہوئے دیکھ رہے ہیں جو آپ پر خدا نے الہاماً نازل فرمائی۔

حضور انور نے فرمایا آج میں خود یہاں ہوں جو اپنی آنکھوں سے اس الہام کو پورا ہوتے دیکھ رہا ہوں۔

حضور انور نے فرمایا۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ مذہب میں جبر جائز نہیں۔ ہر شخص اپنے مذہب پر عمل کرنے میں آزاد ہے۔ خدا تعالیٰ

دیکھتا ہے کہ اس کا سچا پیرو کار کون ہے اور دوسروں کے حقوق کا کون خیال رکھتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ انسان ہونے کے ناطے ایک دوسرے سے محبت کرنی چاہئے۔ ایک دوسرے کا خیال رکھنا چاہئے خواہ مذہب کوئی بھی ہو۔

حضور انور نے فرمایا ہمارا سلوگن یہ ہے کہ ''محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں'' اگر آپ کسی سے نفرت نہیں کریں گے تو پھر محبت ہوگی اور معاشرہ میں امن قائم ہوگا۔ یہاں اس جزیرہ میں آباد مختلف فرقوں کے لوگ آپس میں بھائی چارے سے رہ رہے ہیں۔ مجھے اس سے بہت خوشی ہوئی ہے۔ آپ ہمیشہ اسی طرح رہیں اور امن سے رہیں خواہ ہندو ہوں، عیسائی ہوں، احمدی ہوں یا دوسرے فرقوں کے لوگ ہوں۔ اپنی انہی صفات کے ساتھ رہیں۔ آپس میں خیر خواہ اور ہمدرد ہوں تو پھر خدا کی محبت حاصل کر سکیں گے۔

حضور انور نے فرمایا کہ ہم تمام مذہب کے ماننے والوں کی عزت کرتے ہیں اور ان کے لیڈروں کا احترام کرتے ہیں۔

آخر پر حضور انور نے فرمایا میں دعا کرتا ہوں کہ اس جزیرہ میں امن و آشتی اور بھائی چارہ کی فضا ہمیشہ قائم رہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطاب کے بعد دعا کروائی۔ کھانے کے پروگرام کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس تقریب میں شامل ہونے والے مہمانوں کو شرف مصافحہ بخشا اور مہمانوں کا تعارف حاصل کیا اور بعض مہمانوں سے گفتگو فرمائی۔

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے رہائشی حصہ میں تشریف لے آئے۔

بیت الجامع کا وزٹ

پروگرام کے مطابق یہاں سے سوا چار بجے جماعت احمدیہ Taveuni (تاویونی) کے مشن ہاؤس اور ''بیت الجامع'' کے لئے روانگی ہوئی۔

چار بجکر پچیس منٹ پر حضور انور یہاں پہنچے اور بیت الجامع میں ظہر و عصر کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد عزیزہ جاذبہ نعیم بنت نعیم اقبال صاحب مربی سلسلہ تاویونی فجی کی تقریب آمین ہوئی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بچی سے قرآن کریم کا کچھ حصہ سنا اور آخر پر دعا کروائی۔

حضور انور نے احباب جماعت سے بیت کے رقبہ اور قطعہ زمین کے بارہ میں دریافت فرمایا اور اس بات کا بھی جائزہ لیا کہ جب مستقبل میں اس بیت کی توسیع کرنی پڑے گی تو کس طرف توسیع ہوگی۔ اس جزیرہ میں بیت الجامع کی تعمیر 02-2001ء میں ہوئی۔ بیت کے ساتھ جماعت کا مشن ہاؤس بھی ہے جہاں مربی سلسلہ کی رہائش ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اور حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کچھ دیر کے لئے مربی سلسلہ کی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت کے احاطہ میں پودا لگایا اب یہاں سے پروگرام کے مطابق ایئر پورٹ کے لئے روانگی تھی۔ پونے پانچ بجے حضور انور یہاں سے روانہ ہو کر پانچ بجے Taveuni ایئر پورٹ پہنچے یہاں کے احباب جماعت مرد و خواتین اور بچے بھی حضور انور کو الوداع کہنے کے لئے ایئر پورٹ پر جمع تھے۔ حضور انور نے اجتماعی دعا کروائی اور جہاز پر سوار ہوئے۔ ساڑھے پانچ بجے جہاز Taveuni ایئر پورٹ سے ناندی (Nandi) کے لئے روانہ ہوا۔ قریباً ڈیڑھ گھنٹہ کی پرواز کے بعد جہاز ناندی کے انٹرنیشنل ایئر پورٹ پر اترا۔ ایئر پورٹ کی پروٹوکول آفیسر نے حضور انور کو خوش آمدید کہا۔ حضور انور ایئر پورٹ سے باہر تشریف لائے اور اپنی رہائش گاہ Mocambo ہوٹل تشریف لے گئے۔ یہ ہوٹل ایئر پورٹ سے تین کلومیٹر کے فاصلہ پر واقع ہے۔

آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ''بیت اقصیٰ ناندی'' میں تشریف لا کر مغرب و عشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور واپس اپنی جائے رہائش ہوٹل Mocambo تشریف لے آئے۔

3 مئی 2006ء

صبح ساڑھے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت اقصیٰ ناندی میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنی جائے رہائش پر تشریف لے آئے۔

صبح حضور انور نے ڈاک ملاحظہ فرمائی۔

پروگرام کے مطابق دس بجکر دس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ہوٹل سے باہر تشریف لائے اور مارو (Maro) جماعت کے لئے روانگی ہوئی۔ مارو کا ناندی سے فاصلہ 40 کلومیٹر ہے۔ یہ جگہ اپنے خوبصورت Natadola Beach کی وجہ سے مشہور ہے۔

راستہ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مقبرہ موصیان کے لئے مجوزہ قطعہ زمین کا معائنہ فرمایا۔ اس قطعہ زمین کو قبرستان کے لئے الاٹ کئے جانے کی درخواست حکومتی پراسس میں ہے۔

گیارہ بجکر دس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت محمود مارو (Maro) پہنچے۔ جہاں احباب جماعت مارو نے حضور انور کا استقبال کیا۔

لجنہ ہال کا افتتاح

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے یہاں نئے تعمیر ہونے والے ''لجنہ ہال'' کا افتتاح فرمایا اور تختی کی نقاب کشائی فرمائی اور دعا کروائی۔ اس کے بعد اسی ہال میں ایک تقریب کا انعقاد ہوا۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم اور اس کے انگریزی ترجمہ سے ہوا۔ اس کے بعد ڈسٹرکٹ آفیسر Mr. Peni Nadredre نے استقبالیہ ایڈریس پیش کیا اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو Maro آنے پر خوش آمدید کہا۔

موصوف نے کہا کہ وہ حضور انور کو صدر مملکت اور وزیر اعظم جزائر فجی کے نمائندہ کی حیثیت سے خوش آمدید کہتا ہے اور اس علاقہ Natadola کے لوگوں کی طرف سے بھی حضور انور کو خوش آمدید کہتا ہوں۔ حضور انور جو دنیا بھر میں پھیلی ہوئی جماعت احمدیہ کے سربراہ ہیں آج ہم میں موجود ہیں اور ہمیں حضور انور کی یہاں آمد سے بہت زیادہ برکت ملی ہے اور آپ جیسی شخصیت کا آدمی آج ہمارے ساتھ ہے۔ آپ کا آنا ہمارے لئے باعث برکت ہے۔ موصوف نے حضور انور کا تعارف بھی کروایا اور آخر پر حضور انور کا شکریہ ادا کیا۔

حضور انور کا خطاب

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے خطاب فرمایا۔ حضور انور نے تشہد، تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا۔

آج ہم یہاں لجنہ ہال کے افتتاح کی تقریب میں شامل ہونے کے لئے اکٹھے ہوئے ہیں۔ میں Ethnic منسٹری کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اس ہال کی تعمیر میں مدد کی ہے۔

حضور انور نے فرمایا کسی بھی سوسائٹی کا یہ اچھا سائن ہے کہ وہ امن، رواداری اور بھائی چارہ کا ماحول قائم کریں اور جہاں تمام مختلف گروپس اکٹھے ہوں اور ایک دوسرے کی مدد کریں۔ یہ مجھے نبی کریم ﷺ کے اس معاہدہ کی یاد دلاتا ہے جو آپ نے نجران کے لوگوں سے کیا اور اس معاہدہ میں ایک بات یہ تھی کہ اگر عیسائی معابد کی مرمت کی ضرورت ہو تو مسلمان ان کی مدد کریں گے۔

حضور انور نے فرمایا یہ وہ بات ہے جس میں ہم سوسائٹی میں امن و سلامتی بھائی چارہ اور رواداری کا ماحول قائم کر سکتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا دین میں جبر نہیں، ہر مذہب آزاد ہے۔ ہر شخص کا عقیدہ اس کے اور اس کے خدا کے درمیان ہے۔

حضور انور نے فرمایا ہر ایک کو یاد رکھنا چاہئے کہ اس کا ایک پیدا کرنے والا ہے۔ اس نے اس کے حضور جھکنا ہے اور اس کے احکام پر عمل کرنا ہے جو اس نے اپنے انبیاء کے ذریعہ دیئے۔ ہر مذہب کے بانی اور نبی نے امن اور رواداری کی تعلیم دی۔ ہم احمدی تمام انبیاء پر ایمان لاتے ہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر آنحضرت ﷺ تک اور اس زمانہ میں حضرت مسیح موعود پر بھی جو دین حق کے احیائے نو کے لئے تشریف لائے، ان تعلیمات پر عمل کروانے کے لئے جو بھلائی جا چکی تھیں۔

حضور انور نے فرمایا احمدیت کا پیغام یہ ہے کہ اپنے پیدا کرنے والے خدا کو پہچانیں اور اس کے قریب آئیں اور ہر ایک، دوسروں کے حقوق ادا کرے۔ یہ دو اہم باتیں ہیں جن کا ہم پیغام پہنچاتے ہیں اور تعلیم دیتے ہیں۔ ایک خدا کا حق ادا کریں اور دوسرے اس کے بندوں کا حق ادا کریں اور کمیونٹی کی خدمت کریں۔ اس سے ہم سوسائٹی میں امن اور بھائی چارہ کی فضا قائم کر سکتے ہیں اور اس پیغام کو ہم پھیلاتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ حکومت نے اس ہال کی تعمیر میں ہماری مدد کی ہے اور علاقہ کے لوگوں نے بھی ہماری مدد کی ہے۔

حضور انور نے فرمایا آپ کے الیکشن اگلے ہفتہ آرہے ہیں۔ میری دعا ہے کہ خدا تعالیٰ آپ کی مدد کرے اور آپ صحیح اور امانت دار لوگوں کو منتخب کر سکیں جو ملک و قوم کی خدمت کرنے والے ہوں اور سوسائٹی میں امن اور بھائی چارہ اور رواداری کی فضا قائم کرنے والا ہو اور میری دعا ہے کہ الیکشن کے دوران آپ کی قوم پرامن رہے اور پرامن فضا میں آپ کے انتخابات ہوں۔ آخر پر پھر میں آپ سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دعا کروائی۔

اس تقریب میں علاقہ کے ڈسٹرکٹ کمشنر، چیفس، ممبر پارلیمنٹ، مختلف سکولوں کے پرنسپل صاحبان، اساتذہ، کمیونٹی ورکرز اور زندگی کے دوسرے شعبوں سے تعلق رکھنے والے مہمان شامل تھے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے باری باری تمام مہمانوں کو شرف مصافحہ بخشا۔ ممبر پارلیمنٹ کو فرمایا جب جیت گئے تو علاقے کی خدمت کریں تو پھر جیتتے رہیں گے۔ ایک لاہوری جماعت سے تعلق رکھنے والے کو فرمایا جس کے بھائی احمدی تھے کہ اب آپ بھی مبائع احمدی ہو جائیں۔

حضور انور نے ایک Carpenter کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ اپنے کام میں لوگوں کے ساتھ Fair Dealing کیا کریں۔

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لائے اور فیملی ملاقاتیں شروع ہوئیں۔ Maro جماعت کی گیارہ فیملیز کے 45 ممبران نے حضور انور سے ملاقات کی سعادت حاصل کی اور تصاویر بھی بنوائیں۔

جماعت مارو کا قیام

ملاقاتوں کا یہ پروگرام ایک بجکر بیس منٹ تک جاری رہا۔ ملاقاتوں کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے احمدیہ مشن ہاؤس اور بیت محمود مارو کے احاطہ میں آم اور Lamon کے دو پودے لگائے۔

مارو (Maro) جماعت کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ ملک فجی میں یہ قائم ہونے والی دوسری جماعت ہے۔ اس علاقہ میں سب سے پہلے مکرم محمد قاسم خان صاحب احمدی ہوئے پھر آپ کی کوششوں سے یہاں جماعت کا قیام عمل میں آیا۔

بیت محمود مارو کا سنگ بنیاد حضرت چوہدری سر محمد ظفر اللہ خان صاحب نے 1965ء میں رکھا۔ اس

بیت کی تعمیر 1971ء میں مکمل ہوئی اور 1972ء میں فجی کے امیر و مربی انچارج مولانا محمد صدیق امرتسری صاحب مرحوم نے اس کا افتتاح فرمایا۔ اس بیت کے ساتھ لائبریری بھی ہے اور مشن ہاؤس بھی ہے۔ اس بیت کی تعمیر احمدی معماروں اور احباب جماعت نے وقارِ عمل کے ذریعہ کی۔ یہ بیت وسیع ہے اور خوبصورت ہے اور علاقہ میں پُرفضا مقام پر واقع ہے۔ اگلے پروگرام کے مطابق یہاں سے ایک بجکر پینتیس منٹ پر یہاں سے آٹھ کلومیٹر کے فاصلہ پر ساحل سمندر کے لئے روانگی ہوئی۔ جہاں جماعت نے دوپہر کے کھانے کا انتظام کیا ہوا تھا۔ یہاں قریباً ایک گھنٹہ قیام کے بعد دو بجکر پچاس منٹ پر واپس ناندی کے لئے روانگی ہوئی۔ قریباً پونے چار بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے جائے قیام ہوٹل Mocambo پہنچے۔

چار بجکر پینتالیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت اقصیٰ ناندی میں تشریف لا کر ظہر وعصر کی نمازیں جمع کرکے پڑھائیں۔

نیشنل مجلس عاملہ کو ہدایات

نمازوں کی ادائیگی کے بعد چار بجکر پچپن منٹ پر نیشنل مجلس عاملہ فجی کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ میٹنگ شروع ہوئی۔ حضور انور نے تمام شعبوں کا باری باری جائزہ لیا اور آئندہ کے پروگراموں کے بارہ میں دریافت فرمایا اور ہدایات سے نوازا۔

جنرل سیکرٹری صاحب سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ آپ کی جماعتوں کی تعداد کیا ہے۔ ہر ماہ کتنی جماعتیں آپ کو رپورٹس بھجواتی ہیں۔ فرمایا جو جماعتیں رپورٹس نہیں بھجواتیں ان کو بار بار یاددہانی کروائیں۔ فرمایا پانچ جماعتوں میں تو آپ کے مربی ہیں ان کا کام ہے کہ یہ صدران کو کہیں ان کو یاددہانی کروائیں اور صدران کی طرف سے ماہانہ رپورٹ آنی چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا آپ یاددہانی نہیں کرواتے۔ خود سست ہیں تو پھر جماعتیں بھی سست ہو جائیں گی۔ جماعت کے جنرل سیکرٹری کو روزانہ کم از کم ایک گھنٹہ جماعت کے کام کو دینا چاہئے اور جماعتوں سے مسلسل رابطہ اور Follow Up ہونا چاہئے۔ حضور انور نے جنرل سیکرٹری صاحب سے دریافت فرمایا کہ آپ کو مرکز سے جو آرڈر آتے ہیں کیا آپ ان کو جماعتوں میں سرکلر کرتے ہیں۔ فرمایا جب آپ جماعتوں کو کوئی پروگرام اور ہدایات بھجواتے ہیں تو پھر اس کا پیچھا بھی کرنا چاہئے کہ ان ہدایات کے مطابق کارروائی شروع ہوگئی ہے۔ پھر اس کا فیڈبیک لیں کہ اس کارروائی کا کیا نتیجہ نکلا ہے۔

نائب امیر صاحب سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ آپ کے سپرد کیا کام ہیں۔ نائب امیر صاحب نے حضور انور کو بتایا کہ امیر صاحب کی طرف سے سپرد ہونے والے مختلف کاموں کے علاوہ جزائر پیسیفک کی جماعتوں سے رابطہ کرنا اور ان کے معاملات طے کرنے کی ذمہ داری بھی ہے۔

حضور انور نے جزائر Tonga کے بارہ میں دریافت فرمایا کہ کیا وہاں رابطہ ہے۔ کتنی تعداد ہے۔ سال میں کتنے وزٹ کرتے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا Tonga میں رجسٹریشن کروائیں اور اس کام کو جلد مکمل کریں۔ فرمایا Tonga کا دورہ بھی کریں اور یہاں اپنا سنٹر بھی بنائیں۔ حضور انور نے فرمایا یہاں بھی چھوٹے چھوٹے جزائر ہیں ان کا دورہ کروائیں اور دعوت الی اللہ کے پروگرام بنائیں اور باقاعدہ مسلسل رابطہ کے ساتھ ان جزائر میں کام کریں۔

جزیرہ ملک Tuvalo (طوالو) کے بارہ میں حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ وہاں دعوت الی اللہ کے لئے ایک کریش پروگرام بنائیں۔ دوران سال امیر صاحب فجی خود بھی جائیں اور نائب امیر صاحب کو بھی بھجیں۔

Vanuatu (ونوآتو) کے بارہ میں حضور انور نے فرمایا کہ اب وہاں جماعت کی رجسٹریشن ہو چکی ہے۔ وہاں بیت اور مشن ہاؤس کے لئے جلد پلاٹ کی خرید کا جائزہ لیں اور رپورٹ بھجوائیں۔ ملک West Samoa کے لئے بھی حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ یہاں کے لئے بھی پروگرام بنائیں اور وقف عارضی پر ایسے لوگ جائیں جن کو دین کا علم بھی ہو۔ فرمایا اب ان ممالک میں جلد اور تیزی سے کام کریں اور اپنے دعوت الی اللہ کے پروگرام بنائیں۔ اب مزید تاخیر کا وقت نہیں رہا۔ Kiribati کے لئے حضور انور نے فرمایا کہ یہاں بھی اب جلد رجسٹریشن کروائیں اور یہاں کا بھی دورہ کریں۔

سیکرٹری صاحب تربیت سے ان کے پروگراموں کا جائزہ لیتے ہوئے حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ نماز باجماعت کی ادائیگی کی طرف توجہ دیں۔ آپ نے یہ جائزہ لینا ہے کہ کتنے لوگ آتے ہیں اور پانچوں نمازوں پر کیا حاضری ہوتی ہے۔ نمازوں کی حاضری بڑھائیں جو نمازوں پر پہلے آتے تھے لیکن اب نہیں آتے ان کا پتہ کریں کہ کیا وجہ ہے۔ حضور انور نے فرمایا سب جماعتوں میں اس طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ آپ اس سلسلہ میں جو کوشش کر رہے ہیں۔ اگر جماعتوں سے اس کے نتیجہ کا آپ کو علم نہیں ہوگا تو آپ اپنا آئندہ کا پروگرام نہیں بنا سکتے۔

حضور انور نے فرمایا ایک بہت بڑا کام قرآن کریم کا پڑھنا ہے اور یہ جائزہ لینا ہے کہ کتنے روزانہ قرآن کریم پڑھتے ہیں۔ یہ بھی سیکرٹری تربیت کا کام ہے۔ قرآن کریم پڑھیں گے تو پتہ چلے گا کہ کیا باتیں کرنے والی ہیں اور کون سی باتوں سے منع کیا گیا ہے۔

حضور انور نے فرمایا مربیان کرام قرآن کریم کا درس دیتے ہیں۔ قرآن کریم کے درس میں ایسے حصے ہونے چاہئیں کہ یہ باتیں کرنے والی ہیں اور یہ وہ امور ہیں جن کو خدا تعالیٰ کرنے کا حکم دیتا ہے اور یہ وہ باتیں اور امور ہیں جن سے خدا تعالیٰ روکتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا میں نے یہاں جائزہ لیا ہے۔ بہت سے ایسے ہیں جن کو نماز نہیں آتی اور قرآن کریم پڑھنا نہیں آتا۔

حضور انور نے فرمایا نئی نسل جو آرہی ہے وہ قرآن کریم پڑھنے میں بہتر ہے۔ حضور انور نے فرمایا جب میں نے قرآن کریم پڑھنے اور سیکھنے کی تحریک کی تھی تو بعض جگہ بوڑھوں نے بھی پڑھنا شروع کر دیا ہے۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ سیرت النبی ﷺ کے جلسوں میں غیروں کو بلایا کریں۔ حضور انور نے فرمایا گہرائی میں جاکر جائزہ لینا ہوگا کہ ہر جماعت میں کتنے لوگ ہیں جو نمازیں نہیں پڑھتے اور گھر میں بھی نمازیں نہیں پڑھتے۔ ان کا جائزہ لیں۔ پھر ان کی تربیت کے لئے پروگرام بنائیں۔ فرمایا جو گھر میں نماز نہیں پڑھتا اس کو گھر میں تو نماز پڑھائیں۔ یہ مربیان اور سیکرٹریان تربیت کا کام ہے۔

حضور انور نے فرمایا جماعت کی عورتوں کی بھی تربیت کی طرف توجہ نہیں ہے۔ فرمایا بعض عورتوں کو نماز کا پتہ نہیں تو وہ اپنے بچوں کو کیا سکھائیں گی۔ ماں نے بچے کی تربیت کرنی ہے۔ باپ تو اپنے کام کاج کے سلسلہ میں گھر سے باہر ہوتا ہے۔ حضور انور نے فرمایا جو مرکزی جلسے ہوتے ہیں ان میں ایسے پروگرام ہوں اور مضامین ہوں جو تربیت پر ہوں۔ مرد خود بھی نماز پڑھیں۔ اپنی عورتوں کو بھی نماز پڑھائیں اور اپنے بچوں کو بھی نماز پڑھائیں۔ خود قرآن کریم پڑھیں۔ گھروں میں ان کی عورتیں بھی قرآن کریم پڑھیں اور ان کے بچے بھی قرآن کریم کی تلاوت کریں۔

حضور انور نے فرمایا اسی طرح جو تربیت میں کمزور ہیں ان کو پتہ ہونا چاہئے کہ ہم کیوں احمدی ہوئے ہیں اور احمدی کیوں اپنے بچوں کی شادیاں غیروں میں نہیں کرتے۔ جماعت کے عقائد اور تعلیم اور بنیادی دینی امور کا سب کو علم ہونا چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا جو نئے بیعت کرنے والے ہیں ان کی پرانے احمدیوں سے شادیاں ہوئی ہیں۔ ان کی تربیت کے لئے پروگرام مردوں کو بھی دیں اور عورتوں کو بھی دیں۔ ان کی اس طرح تربیت ہو کہ ان کی نسل احمدی ہو جائے اور مجھے بتائیں کہ ان کو یہ یہ پروگرام دیا ہے۔

حضور انور نے مثال دیتے ہوئے بیان فرمایا کہ آج ایک بچہ عیسائیت سے احمدی ہوا ہے۔ باپ عیسائی تھا، ماں احمدی تھی۔ بچہ باپ کے پیچھے چلتا رہا۔ باپ فوت ہوا تو بچہ ماں کی طرف آیا تو احمدی ہوا ہے۔ اگر پہلے باپ کی طرف توجہ ہوتی تو بہتر تھا۔ اس سے بچے کی بھی شروع سے ہی تربیت ہونی تھی۔

حضور انور نے فرمایا سیکرٹری رشتہ ناطہ ہر ریجن میں مقرر ہونا چاہئے۔ حضور انور نے فرمایا جو نئے احمدی ہو رہے ہیں ان کی شادیاں مختلف جزائر میں ہو سکتی ہیں۔ انڈیا، پاکستان میں بھی رشتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس لسٹیں بنی ہوں کہ عمریں کیا ہیں۔ بائیوڈیٹا کیا ہے، کوالیفیکیشن کیا ہے۔ حضور انور نے فرمایا اگر لسٹیں موجود ہیں تو کارروائی ہوسکتی ہے۔

حضور انور نے فرمایا تربیت کا بڑا مسئلہ یہاں ہے۔ میاں بیوی کے آپس کے تعلقات ٹھیک ہونے چاہئیں۔ شادیاں ہوتی ہیں پھر علیحدگی ہو جاتی ہے۔ تربیت کے یہ مسائل ہیں ان کو حل کرنا چاہئے۔ حضور انور نے فرمایا جب کسی کو سزا ملتی ہے اور اعلان ہوتا ہے تو پھر ان کو شرمندگی ہوتی ہے۔ یہ سب تربیت کے مسائل ہیں جو امیر، مربیان اور تربیت کے سب سیکرٹریان کا کام ہے۔ اگر تربیت ہو تو پھر غلطیاں بھی نہیں ہوتیں اور شرمندگی بھی نہیں ہوگی۔

ایکسٹرنل آڈیٹر کو ہدایت دیتے ہوئے حضور انور نے فرمایا کہ آپ وقتاً فوقتاً آڈٹ کرتے رہا کریں۔

سیکرٹری صاحب تعلیم سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ کتنی جماعتوں میں تعلیمی کلاسز ہوتی ہیں۔ اپنی تمام جماعتوں سے کلاسز کی رپورٹ لیا کریں۔ حضور انور نے فرمایا کہ طلباء کی لسٹیں تیار کریں۔ کتنے ہیں جو پرائمری سکول کی عمر کے ہیں لیکن ڈراپ کر گئے ہیں۔ کتنے ہیں جو سیکنڈری سکول جانے والے ہیں لیکن نہیں جا رہے۔ اسی طرح کتنے ہیں جو یونیورسٹی جاسکتے تھے۔ پڑھائی میں اچھے تھے لیکن مالی کمی کی وجہ سے نہ جاسکتے ہوں۔

حضور انور نے فرمایا چھوٹے لیول پر آپ کے پاس انفارمیشن ہونی چاہئیں۔

حضور انور نے فرمایا اسی طرح جو سیکنڈری سکول میں تعلیم حاصل کرکے ڈپلومہ کی طرف چلے گئے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا احمدی طلباء کو چاہئے کہ اعلیٰ تعلیم حاصل کریں اور اعلیٰ کامیابیاں حاصل کریں۔

حضور انور نے فرمایا خواہ کوئی طالبعلم گاؤں کا رہنے والا ہو یا خواہ شہر کا رہنے والا ہو۔ آپ کا ریکارڈ ہر لحاظ سے مکمل ہونا چاہئے۔ اگر کل کو آپ سیکرٹری تعلیم نہیں ہوں گے تو جو نیا آئے گا اس کو سارا ریکارڈ دے سکیں گے۔

حضور انور نے فرمایا جب تک تمام سیکرٹریان کا اپنے اپنے سیکرٹری سے مسلسل رابطہ اور تعلق نہیں ہوگا اس وقت تک آپ جماعتوں کے لیول پر کام نہیں کرسکتے۔

سیکرٹری صاحب تحریک جدید سے حضور انور نے ان کے بجٹ اور وعدہ جات کے بارہ میں دریافت فرمایا اور ہدایت فرمائی کہ یہ بھی جائزہ لے لیا کریں کہ بعض دفعہ غریب آدمی زیادہ دے دیتا ہے اور امیر آدمی کم دیتا ہے۔

شعبہ سمعی بصری کو حضور انور نے ہدایت دیتے ہوئے فرمایا کہ آپ کے بہت خوبصورت جزائر ہیں ان کی ڈاکومنٹری بنائیں۔ اپنا سٹوڈیو بھی بنائیں جو ساؤنڈ پروف ہو۔ اس بارہ میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ان کو انتظامی ہدایات سے نوازا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے شعبہ سمعی بصری کو ہدایت فرمائی کہ آپ خطبات کی جو سیڈیز احباب کو تیار

کرکے دے رہے ہیں۔اس کا Follow Up بھی کریں کہ کتنے لوگ سن رہے ہیں۔گھر میں صرف مرد سن رہا ہے یا بیوی بھی سن رہی ہے۔ بچے سن رہے ہیں۔حضور انور نے فرمایا صرف تقسیم کرنے سے تو کام نہیں ہوتا جائزہ لینا چاہئے کہ کون کون سن رہا ہے اور کتنے آدمی فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا آپ کے پاس جو آڈیو کیسٹس ہیں ان کی باقاعدہ ایک لائبریری بنائیں اور لوگوں کو اس بارہ میں بتائیں پھر جو دلچسپی رکھتے ہوں ان کو کاپی بنا کردیں۔حضور انور نے فرمایا ان آڈیو کیسٹس کو آپ DVD میں تیار کرسکتے ہیں۔

سیکرٹری اشاعت سے رسالہ المشرق کی اشاعت کا جائزہ لیتے ہوئے حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ اس میں اردو، انگریزی زبان کے علاوہ فجیئن زبان کے بھی دو تین صفحے شامل کرلیا کریں۔اسی طرح اپنے رسالے میں حضرت مسیح موعود کے اقتباسات دیں اور خطبہ جمعہ کا خلاصہ بھی دیا کریں۔حضور انور نے رسالہ کے مدیر کو ہدایت فرمائی کہ اپنی ٹیم بنائیں۔اکیلا آدمی کام نہیں کرسکتا۔اپنی ٹیم میں نوجوانوں سے بھی لیں۔بڑی عمر والوں میں سے بھی لیں۔مختلف لوگ رکھیں اور ایڈیٹوریل بورڈ کے سپرد کام کریں۔

سیکرٹری صاحب جائیداد سے حضور انور نے فجی میں جماعتی جائیدادوں اور ان کے ریکارڈ کے بارہ میں دریافت فرمایا۔حضور انور نے انہیں ہدایت فرمائی کہ جزائر ممالک میں جو ہماری جائیدادیں ہیں ان کا بھی ریکارڈ رکھیں۔

سیکرٹری صاحب مال سے حضور انور نے جماعت کے بجٹ، چندہ عام کے بجٹ، چندہ دہندگان کی تعداد اور فی کس مالی قربانی کے معیار کا تفصیل کے ساتھ جائزہ لیا۔

اسی طرح حضور انور نے چندہ جلسہ سالانہ کا بھی جائزہ لیا۔نیز چندہ وصیت اور موصیان کی تعداد کا بھی جائزہ لیا۔حضور انور نے فرمایا آپ میں اتنی گنجائش ہے کہ آپ کا بجٹ دوگنا ہوسکتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا اگر کوئی اپنے حالات کی وجہ سے چندہ نہیں دے سکتا یا کم دیتا ہے تو کم از کم اپنی آمد کے بارہ میں غلط بیانی سے کام نہ لے۔فرمایا چندہ، مالی قربانی خدا کا حکم ہے اگر پورا نہیں دے سکتے تو اپنی انکم صحیح لکھوائیں۔اگر کم دینا ہے تو باقاعدہ لکھ کر اجازت لے لو۔

حضور انور نے فرمایا جتنا زیادہ چندہ دیں گے اتنی زیادہ بیوت الذکر، مشن ہاؤسز بنیں گے اور لٹریچر تیار ہوگا۔

دعوت الی اللہ کے بارہ میں ہدایات دیتے ہوئے حضور انور نے فرمایا کہ ہر احمدی کا کام ہے کہ وہ دعوت الی اللہ کرے۔ ہر آدمی کو دعوت الی اللہ میں Involve کریں۔ ہر کوئی اپنے ماحول میں دعوت الی اللہ کرے۔مربیان کو چاہئے کہ دعوت الی اللہ کے لئے صف اول اور صف دوم کے انصار میں سے اور خدام سے مستعد لوگوں کا انتخاب کرکے ٹیمیں بنائیں۔ان کی تربیت کریں۔ان کو ٹریننگ دیں اور دعوت الی اللہ کے لئے مختلف علاقوں میں بھجیں۔

حضور انور نے فرمایا دعوت الی اللہ کے لئے ذاتی رابطہ بہت ضروری ہے۔اجتماعی پروگرام بھی ہوسکتے ہیں لیکن ذاتی رابطہ بہت مفید ہے۔مختلف گروپس ہیں اور مذاہب کے لوگ آباد ہیں ان سے رابطہ کریں اور نرمی سے، حکمت سے بات کریں۔انہیں بتائیں کہ ہم احمدی کیوں ہیں، احمدیت کیا ہے، حضرت اقدس مسیح موعود کا دعویٰ کیا ہے، احمدیت قبول کرنے کے بعد ہم میں کیا تبدیلی آئی ہے۔

حضور انور نے فرمایا جب آپ میں اور دوسروں میں ایک واضح فرق نظر آئے گا تو لوگ آپ کی طرف مائل ہوں گے۔فرمایا جب دوسروں کے ساتھ بیٹھیں تو مذہب کے بارہ میں، خدا کے بارہ میں عام سادہ گفتگو کریں۔اسی طرح مذہبی گفتگو کے لئے مزید ماحول میسر آئے گا۔آجکل دنیا کے حالات کیا ہیں، آفات کیوں آرہی ہیں، حضرت اقدس مسیح موعود کی پیشگوئیاں کیا ہیں، ان مصائب کی وجہ یہ ہے کہ خدا کو لوگ پہچان نہیں رہے۔اس طرح بات کرکے مزید رابطے قائم کئے جاسکتے ہیں۔حضور انور نے فرمایا اگر کوئی ناراض ہوتا ہے تو خاموش رہیں پھر کسی اور موقع پر بات کرنے کا موقع پیدا ہوسکتا ہے۔آپ نے سچائی کو پایا ہے اب اسے دوسروں تک پہنچائیں۔

حضور انور نے فرمایا جب دوسروں کو علم ہوگا کہ آپ کے احمدی ہونے میں نمایاں تبدیلی آئی ہے تو وہ خود بخود آپ کی طرف مائل ہوگا۔بعض لوگ تسلیم تو کرلیتے ہیں کہ آپ درست اور صحیح ہیں اور حق پر ہیں لیکن وہ اپنے خاندان اور سوسائٹی سے ڈرتے ہیں۔لیکن بعض دلیر اور بہادر ہوتے ہیں وہ احمدیت قبول کرلیتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا آپ کے پاس مختلف جزائر ہیں۔ پاکٹس ہیں، وہاں جائیں اور کام کریں اور دعوت الی اللہ کے رستے خود تلاش کریں۔

حضور انور نے مربیان کو ہدایت فرمائی کہ فجیئن زبان سیکھیں۔فرمایا ان کی زبان سیکھیں، ان کو ملیں، مکس اپ ہوں اور ان کے دل جیتیں۔

حضور انور نے فرمایا جزائر کیری باتی میں جو انڈونیشین اور بنگالی ہیں ان کو احمدیت میں داخل کرنے کی کوشش کریں۔ان کو انڈونیشین اور بنگالی زبانوں میں لٹریچر دیں اور ان سے دینی رابطہ رکھیں۔

مقبرہ موصیان کے لئے جماعت کے ایک دوست نے زمین دی ہے۔اس پر حضور انور نے فرمایا کہ مقبرہ موصیان تب ہوگا جب اس غرض کے لئے اجازت گورنمنٹ سے حاصل کرلیں گے۔اس وقت تو صرف پانچ ایکڑ زمین ہے جو جماعت کے ایک دوست نے دی ہے۔فرمایا باقاعدہ پلاننگ سے کام کریں۔

فرمایا اب آپ سب کی بہت زیادہ ذمہ داری ہے۔ بہت بڑا کام ہے اب بغیر وقت ضائع کئے کام کریں۔

نیشنل مجلس عاملہ جماعت احمدیہ فجی کے ساتھ یہ میٹنگ شام سات بجے تک جاری رہی۔میٹنگ کے آخر پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے عاملہ کے تمام ممبران کو قلم عطا فرمائے اور ممبران نے اور مربیان نے علیحدہ علیحدہ گروپس کی صورت میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت اقصیٰ نانڈی میں مغرب وعشاء کی نمازیں جمع کرکے پڑھائیں۔نمازوں کی ادائیگی کے بعد تقریب آمین ہوئی۔حضور انور نے عزیزہ شائستہ نجف سے قرآن کریم کا کچھ حصہ سنا اور دعا کروائی۔اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنی جائے رہائش ہوٹل Mocambo تشریف لے آئے۔

الوداعی تقریب عشائیہ

آج رات جماعت فجی نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اعزاز میں نانڈی (Nandi) میں پانچ کلومیٹر باہر ایک کمیونٹی ہال میں ایک الوداعی تقریب عشائیہ کا اہتمام کیا تھا۔آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس تقریب میں شرکت کے لئے تشریف لے گئے۔

پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم اور اس کے انگریزی ترجمہ سے ہوا جس کے بعد ایک طفل نے حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کا منظوم کلام ع

جاتے ہو مری جان خدا حافظ و ناصر

خوش الحانی سے پیش کیا۔بعد ازاں صدر جماعت نانڈی مکرم یوسف خان صاحب نے الوداعی کلمات کہے جس کے بعد مکرم طاہر حسین منشی صاحب نائب امیر جماعت احمدیہ فجی نے نیشنل مجلس عاملہ جماعت فجی کی طرف سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو الوداع کہا۔

تقریب سے حضور انور کا خطاب

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مختصر خطاب فرمایا۔حضور انور نے تشہد وتعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا:۔

کل صبح انشاء اللہ میری واپسی ہے۔آگے سفر پر جانا ہے۔ مجھے بتایا گیا ہے کہ آپ کی روایات کے مطابق ایک اختتامی تقریب (Fare Well) ہے جو آپ دے رہے ہیں۔Farewell اگر تو یہ ہے کہ میں آیا ہوں۔آپ کے جلسہ میں شامل ہوا۔خطبہ دیا، تقریر کی اور آپ سے باتیں کیں اور آپ نے سن لیں تو اتنا کافی نہیں۔اس کا اس وقت فائدہ نہیں ہوگا جب تک آپ ان سب باتوں پر، ان نصائح پر عمل کرنے والے نہ بنیں اور اس ملک کے لوگوں کو بتائیں کہ احمدی ہونے کے بعد آپ کی زندگیوں میں پاک تبدیلیاں پیدا ہوئی ہیں اور اس میں مسلسل اضافہ ہوتا چلا جارہا ہے۔خدا تعالیٰ کے آپ قریب ہورہے ہیں اور اس کے بندوں کے حقوق ادا کرنے والے ہیں۔ ہر ایک سے ہمدردی سے پیش آنے والے ہیں اور ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنے والے ہیں۔

آپ اس وقت صحیح احمدی ہوسکتے ہیں جب ان باتوں پر عمل کریں جو خدا نے آپ کو بتائی ہیں۔

حضور انور نے فرمایا پس جو باتیں آپ کو بتائی گئی ہیں ان پر عمل کریں۔اپنے اندر تبدیلی پیدا کریں اور اس تبدیلی سے اپنے ملک کے لوگوں کو متعارف کروائیں۔خدا تعالیٰ آپ کو اس کی توفیق بخشے۔آمین

حضور انور نے اپنے اس خطاب کے بعد دعا کروائی۔اس تقریب میں شمولیت کے لئے بعض مہمان بھی آئے تھے۔ان مہمانوں نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کھانا تناول کیا اور حضور انور سے شرف مصافحہ حاصل کیا۔

اس تقریب کے اختتام پر رات پونے نو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز یہاں سے روانہ ہوکر اپنی رہائش گاہ ہوٹل Mocambo تشریف لے آئے۔آج کا دن فجی میں قیام کا آخری دن تھا۔

حضرت خنساء

قرون اول میں حضرت خنساء (وفات 24 ہجری مطابق 645ء) کی شاعری کی گونج پورے عرب کی فضاؤں میں سنائی دیتی تھی اور انہیں تمام شاعر خواتین کی سرتاج تسلیم کیا جاتا تھا۔ چنانچہ بارہویں صدی عیسوی کے عظیم سکالر اور فن اسماء الرجال کے ماہر حضرت علامہ ابن الاثیر جزری (متوفی 1209ء) تحریر فرماتے ہیں کہ ناقدان سخن کا فیصلہ ہے کہ خنساء کے برابر کوئی عورت شاعر نہیں پیدا ہوئی۔

("اسد الغابۃ" حالات خنساء۔ کا اردو ترجمہ)

تاریخ سے یہ بھی ثابت ہے کہ حضرت خنساء ابتداء میں دو ایک شعر کہتی تھیں لیکن ایک سانحہ نے ان کی طبع موزوں میں ایک تلاطم اور ہیجان برپا کردیا اور پھر اس کثرت سے شعر کہے کہ عرب کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک اس کی دھوم مچ گئی۔ بازار عکاظ شعرائے عرب کا سب سے بڑا عوامی دربار تھا جس میں حضرت خنساء کے خیمہ کے دروازہ پر ایک علم نصب ہوتا تھا جس پر اشعر العرب کے الفاظ درج تھے یعنی عرب میں سب سے بڑی مرثیہ گو خاتون۔

یہ بتانا بھی ضروری ہے کہ حضرت خنساء کا دیوان پہلی بار 1888ء میں بیروت (لبنان) میں مع شرح کے زیور طبع سے آراستہ ہوکر منظر عام پر آیا اور 1889ء میں اس کا فرانسیسی زبان میں ترجمہ ہوا اور دوبارہ شائع کیا گیا۔1985ء میں اس کا ایک عمدہ ایڈیشن دار الکتب العلمیہ بیروت کے زیر اہتمام چھپا جس کی شرح وتحقیق عبدالسلام الحوفی جیسے فاضل اور کہنہ مشق ادیب کی محبت وکاوش کا رہین منت ہے۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 58219 میں فائزہ رفعت

زوجہ مبارک احمد اعجاز قوم سید پیشہ خانہ داری عمر 52 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن اسلامیہ پارک گوجرانوالہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 06-2-15 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور ایک تولہ مالیتی -/10000 روپے۔ 2۔ نقد رقم -/27000 روپے۔ 3۔ حق مہر -/3000 روپے۔ 4۔ مکان ساڑھے چار مرلہ جو H.B.F.C کے نام رجسٹرڈ ہے۔ اقساط کی ادائیگی کے بعد میری ملکیت ہو جائے گا۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ فائزہ رفعت گواہ شد نمبر 1 جاوید اقبال انجم ولد میاں غلام محمد گواہ شد نمبر 2 عبدالرشید خاور ولد غلام رسول

مسل نمبر 58220 میں فرزانہ اعجاز

بنت مبارک احمد اعجاز قوم قریشی پیشہ طالب علم عمر 29 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن اسلامیہ پارک گوجرانوالہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 06-2-15 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور ساڑھے تین تولہ مالیتی -/30000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ فرزانہ اعجاز گواہ شد نمبر 1 صفی اللہ ولد محمد افضل منیر گواہ شد نمبر 2 عبدالرشید خاور ولد غلام رسول

مسل نمبر 58221 میں نمود سحر سمیرا

